سوال

(73) مباہلین کی ہلاکت ضروری ہے یا بعض کی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فریق کاذب کے تمام مباہلین کی ہلاکت ضروری ہے یا بعض کی ؟ اور اگر فریق صادق سے چند آدمی جو فریق مخالف کے ہلاک شدگان سے کم ہوں ہلاک ہوجائیں تو کیا یہ ضروری بات تونہیں ؟ ازراہِ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دیں جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دراصل قطعی طور پر فیصلہ کن مباہلہ نبی کا ہوتا ہے اس کے بعد درجہ جیسے کوئی صاحب کمال ہو اس کا مباہلہ صدق کذب کا معیار بن سکتا ہے ۔ عوام کے مباہلہ کا چنداں اعتبار نہیں ۔ کیونکہ مباہلہ دربارالٰہی میں ذمہ داری کی حاضری ہے ۔ اور جس کی اپنی عملی حالت پست ہو وہ خدا کے ہاں ذمہ داری کا اہل نہیں کہ خدا اس کی رعایت کرتا ہو؟ دین جیسی اہم شے کو اس سے وابستہ کردے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص157